Press Release
پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون:-040-23006606 '23006612-15 (104)' فیکس:23006606' ای میل:۔manuupro1@yahoo.com' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

20/مارچ2019

مانو میں عالمی یومِ سوشل ورک کے موقع پر''این جی اومیٹ ونمائش''

حیدرآباد،20/مارچ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو، شعبہ سوشل ورک نے''این جی اومیٹ ونمائش'' کے ساتھ عالمی یوم سوشل ورک بھی کا اہتمام کیا۔کل منعقدہ اس پروگرام میں متعدد غیر سرکاری اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔واضح رہے کہ شعبے سے جملہ 20 این جی اوز وابستہ ہیں جہاں طلبہ فیلڈ ورک کے لیے جاتے ہیں۔

صدر شعبہ، پروفیسر محمد شاہد رضا نے اس اہم ملاقات اور یوم سوشل ورک کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔اجلاس میں این جی او کے نمائندوں اور شعبہ کے اساتذہ نے فیلڈ ورک کے دوران طلبہ کی مکمل کارکردگی کا جائزہ لیا اور طلبہ کی صلاحیتوں کے بارے میں اپنے تاثرات پیش کیے، ساتھ ہی خیال ظاہر کیا کہ متعلقہ تنظیموں اور شعبے کے درمیان بہتر تعلقات کو اس طرز پر تقویت دی جائے کہ طلبا کو زیادہ سے زیادہ سیکھنے کا موقع فراہم ہو۔اس موقع پر طلبا کی پیشہ ورانہ آموزش اور ان کے علم میں اضافے کے لیے لائحہ عمل بھی تیار کیا گیا۔ ابتدا میں فیلڈ ورک کوآرڈینیٹر محمد اسرار عالم نے شرکا کے استقبال سے کی۔

اس موقع پر پروفیسر پی ایچ محمد، ڈین اسکول برائے فنون وسماجی علوم کے ہاتھوں نمائش کا افتتاح عمل میں آیا۔شعبے اور این جی اوز کے اشتراک سے طلبہ نے اپنے اسٹال اسکول برائے فنون وسماجی علوم کے احاطے میں لگائیں جہاں تدریسی وغیر تدریسی عملے اور دیگر شعبہ جات کے طلبا کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

بعد ازاں شام چار بجے شعبے میں عالمی یوم سوشل ورک منایا گیا۔واضح رہے کہ سوشل ورک کی پیشہ ورانہ تنظیمیں ہر سال کوئی عنوان منتخب کرتی ہیں۔اس سال کا موضوع ''انسانی تعلقات کی اہمیت کا فروغ'' تھا۔موضوع کی مناسبت سے ایم ایس ڈبلیو سال اول اور دوم کے طلبہ نے مختلف زبانوں میں تقریریں کیں اور کوئز مقابلہ بھی ہوا۔صدر شعبہ کے مشورے پر تمام اساتذہ، ریسرچ اسکالرز اور ایم ایس ڈبلیو سال آخر کے طلبہ نے اپنی زندگی کا کوئی اہم واقعہ کو بیان کیا جس سے انسانی تعلقات کی معنویت کی عکاسی ہوتی ہو۔

قبل ازیں گزشتہ ماہ 21 فروری کو عالمی یوم مادری زبان کے موقع پر بھی شعبے میں مختلف زبانوں میں تقریریں ہوئیں اور پوسٹر پریزنٹیشن کے ذریعے مادری زبان کی اہمیت و افادیت کو اجاگر کیا گیا۔8 مارچ کو عالمی یوم خواتین پر شعبے کے طلبا نے فیکلٹی کے احاطے میں پوسٹر میکنگ مقابلے میں شرکت کی۔پوسٹرز کے ذریعے طلبا نے خواتین کے مسائل کو بہترین انداز میں پیش کیا۔پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کو سرٹیفکیٹ اور انعامات دیے گئے، ساتھ ہی دو طلبا کو ترغیبی انعامات ملے۔

شعبے میں دو اہم موضوعات پر لکچر کا بھی اہتمام کیا گیا۔26 فروری کو ایم این جے کینسر ہاسپٹل کے میڈیکل آفیسر ڈاکٹر کرشنا چیتنیا نے کینسر اور اس سے بچنے کی تدابیر پر طلبا اور اساتذہ سے گفتگو کی۔اسی سلسلے میں 5 مارچ کو ایک اور مفید اور کارآمد لکچر کا نوبالغین اور لائف اسکلز کے موضوع پر اہتمام کیا گیا۔نیلوفر ہاسپٹل کی میڈکل آفیسر ڈاکٹر دپیتی سری نے نوبالغین کے لیے درکار صلاحیتوں پر تفصیلی گفتگو کی۔اس موقع پر پروفیسر محمد شاہد اور صدر شعبہ پروفیسر محمد شاہد رضا نے بھی اظہار خیال کیا۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر

نوٹ:- خبر اور تصاویر ای میل سے روانہ کی جارہی ہے۔

MNJ INSTITUTE OF ONCOLOGY & REGIONAL CANCER CENTRE
RED HILLS, HYDERABAD - 4.
CANCER AWARENESS CAMP
క్యాన్సర్ అవగాహన శిబిరము
WHY DOES CANCER OCCUR ?
CORRECT YOUR MISCONCEPTIONS
WORLD SOCIAL WORK DAY 2019 CELEBRATION
PROMOTING THE IMPORTANCE OF HUMAN RELATIONSHIPS
मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
Maulana Azad National Urdu University
(A Central University established by an Act of Parliament in 1998)
Gachibowli, Hyderabad-500 032
Accredited "A" Grade by NAAC
DEPARTMENT OF SOCIAL WORK
Organizes
NGO MEET-cum-Exhibition
19.03.2019
Inaugurated By
Dr. M A Sikandar
Registrar,MANUU
این-جی-اومیٹ ونمائش
19.03.2019
افتتاح بدست
ڈاکٹر ایم اے سکندر
رجسٹرار، مانو
DEPARTMENT OF SOCIAL WORK MANUU HYDERABAD. We Value Humanity...
DEPARTMENT OF SOCIAL WORK MANUU HYDERABAD